
# 2 مختلف نظارے۔ مختلف پہلو

نازیہ، شائستہ اور حاجرہ تینوں نے ایک ہی بس کی تصاویر بنائی ہیں، لیکن ہر تصویر مختلف ہے اس کی وجہ کیا ہے؟ آپ بتائیے۔



ہاجرہ



شائستہ



نازیہ

(ا) کس کی تصویر بس کے سامنے کا منظر پیش کرتی ہے؟

(ب) کس کی تصویر بس کا اوپری منظر پیش کرتی ہے؟


(ج) کس کی تصویر جانبی پہلو کا منظر پیش کرتی ہے؟

## کوشش کیجیے

1۔ اپنے باورچی خانے میں جائیے اور مشاہدہ کیجیے کہ ذیل کی اشیا اوپری جانب سے کیسی نظر آتی ہیں؟







کس شکل سے ان کی مشابہت ہے؟

SCERT TELANGANA

## یہ کیجیے

ذیل میں چند اشیا کی تصاویر دی گئی ہیں۔ ایسی تصاویر جو اوپری منظر کو ظاہر کر رہی ہیں ان کے آگے انگریزی حرف T لکھیے اور ایسی تصاویر جو جانبی منظر کو ظاہر کر رہی ہیں ان کے آگے انگریزی حرف S لکھیے



SCERT TELANGANA

## اس تصویر کو کہاں سے لیا گیا ہے؟


ذیل میں ایک مقام کی تین تصاویر دی گئی ہیں؟ کیا آپ نشان دہی کر سکتے ہیں کہ کونسی تصویر سامنے سے لی گئی؟ کونسی پیچھے سے اور کونسی تصویر جانبی پہلو سے لی گئی ہے؟


















SCERT TELANGANA



## طوطا اور مینا کا سفر



طوطا اور مینا اس کمرۂ جماعت کے پنکھے پر بیٹھے ہوئے ہیں۔



(1) کتنے بچے انہیں دیکھ سکتے ہیں؟

(2) ٹیچر کیا کر رہی ہیں؟

(3) ٹیچر کی میز پر کیا ہے؟

(4) کتنے بچوں نے میز پر اپنی کتابیں کھول رکھی ہیں؟


(5) کیا آپ ٹیچر کی کرسی پر کسی کتاب کی شکل بنا سکتے ہیں؟

### کوشش کیجیے

اوپر کی جانب سے آپ کی کمرۂ جماعت کیسی نظر آئے گی؟ اس کی تصویر بنانے کی کوشش کیجیے۔

SCERT TELANGANA

طوطا اور مینا اسکول سے اڑ جاتے ہیں اور کھیتوں پر سے گزرتے ہوئے نیچے اس منظر کو دیکھتے ہیں۔



(a) اسکول کے اطراف کتنے مکانات ہیں؟__________ اوپر سے وہ کس شکل کے نظر آتے ہیں؟__________

(b) کتنے درخت دکھائی دے رہے ہیں؟__________

(c) سڑک پر کتنی گاڑیاں ہیں؟__________ اندازہ لگایئے کہ وہ کونسی ہو سکتی ہیں؟__________


(d) تصویر میں آپ کو کتنے جانور نظر آ رہے ہیں؟__________

(e) تصویر میں آپ کو گول شکل کی کتنی چیزیں نظر آ رہی ہیں؟__________

(f) تصویر میں آپ کو مزید دوسری کونسی چیزیں نظر آ رہی ہیں؟ اپنے دوستوں سے گفتگو کیجیے۔

SCERT TELANGANA

اب طوطا اور مینا ایک اور مقام کے اوپر سے پرواز کررہے ہیں۔ اندازہ لگائیے وہ کہاں اڑ رہے ہیں؟




(a) تصویر میں ریل کی کتنی پٹریاں نظر آرہی ہیں؟ ____________

(b) کتنی پٹریوں پر ریل گاڑیاں کھڑی ہیں؟ ____________

(c) پلیٹ فارم پر اور کون کون سی چیزیں نظر آرہی ہیں؟ اپنے دوستوں سے تبادلہ خیال کیجیے۔

___________________________________



(d) جب ہم ریل کی پٹری پر کھڑے ہوتے ہیں تو پٹری اس طرح دکھائی دیتی ہے۔
پٹری ایک جانب چوڑی اور دوسری جانب تنگ کیوں نظر آتی ہے؟

___________________________________

(e) کیا آپ نے ایسا کہیں اور دیکھا ہے؟


___________________________________




SCERT TELANGANA

## ایک بکسے پر دوسرا بکسہ


1۔ غور سے دیکھیے۔ یہاں پر چار بکسے ہیں؟




2۔ ذیل میں دی گئی ہر ایک تصویر میں کتنے بکسے ہیں؟




(a)




(b)




(c)




(d)



(e)



(f)



(g)

SCERT TELANGANA